# خسرہ سے متعلق حقائق نامہ

**کینیڈا میں خسرہ کے کیسز اور وبا کا سلسلہ جاری ہے۔** ایسے کیسز عام طور پر یہاں سامنے آتے ہیں جب کوئی فرد جس نے ویکسین نہیں لگوائی ہو وہ کسی ایسے ملک سے سفر کرکے آتا ہے جہاں خسرہ گردش کر رہا ہے۔ اس کے بعد یہ وبا کینیڈا میں ان لوگوں میں پھیل سکتی ہے جو غیر ویکسین شدہ ہیں یا پچھلے انفیکشن سے مدافعتی نہیں ہیں.

## علامات

- ابتدائی علامات میں شامل ہیں: بخار، کھانسی،بہتی ناک اور سرخ، پا نی بھری آنکھیں .
- علامات شروع ہونے کے تقریبا 3 سے 7 دن بعد ، ایک ریش چہرے پر بنتا ہے اور جسم کے باقی حصوں میں پھیل جاتا ہے ، جس میں بازو اور ٹانگیں بھی شامل ہیں۔ یہ ریش سرخ دانوں اور جلد پر داغ دھبوں کی مانندلگ رہا ہوتا ہے جو 4 سے 7 دن تک رہ سکتے ہیں . گہرے رنگ کی جلد پر، سرخی دیکھنا مشکل ہو سکتا ہے، یا یہ جامنی رنگ یا ارد گرد کی جلد سے زیادہ گہری رنگت کی ظاہر ہو سکتا ہے۔

## خطرات

**خسرہ کے انفیکشن میں مبتلا کوئی بھی شخص پیچیدگیوں کا شکار ہو سکتا ہے۔ خسرہ سے شدید پیچیدگیاں پیدا ہونے کے زیادہ خطرے میں مبتلا افراد:**

- سال سے کم عمر کے بچے ، خاص طور پر نومولود جو ویکسین لگوانے کے لئے انتہائی کم عمر ہیں۔ 5
- ایسے افراد جو حاملہ ہیں۔
- کمزور مدافعتی نظام والے افراد

شدید پیچیدگیوں میں دماغ کی سوزش، جس کی وجہ سے بہرا پن اور دماغی چوٹ ہو سکتی ہے، شامل ہیں۔ اگرچہ ایسا بہت کم ہوتا ہے، لیکن یہ مہلک بھی ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کا خسرہ سے واسطہ پڑا ہو اور آپ میں اس کے خلاف مدافعت نہیں ہے، **تو آپ کو خسرہ ہونے کا خطرہ ہے۔** مدافعت پیدا کرنے کے لیے درج ذیل کا ہونا لازمی ہے :

- ویکسین لگوائیں یا
- آپ پہلے لیبارٹری سے تصدیق شدہ خسرہ کے انفیکشن کا شکار ہو چکے ہیں یا آپ کے پاس خسرہ کے خلاف مدافعت کی لیبارٹری سے تصدیق شدہ ثبوت موجود ہے۔



## خسرہ بہت متعدی مرض ہے

**جو افراد خسرہ سے محفوظ نہیں ہوتے اور اس وائرس کے قریب رہتے ہیں یا اس کا سامنا کرتے ہیں، ان میں** سے 90 فیصد سے زیادہ متاثر ہو سکتے ہیں۔ خسرہ سے متاثرہ افراد جلدی دھبے نمودار ہونے سے قبل ہی دوسروں تک یہ بیماری منتقل کر سکتے ہیں، اور اسی وجہ سے انہیں خود بھی علم نہیں ہوتا کہ وہ خسرہ میں مبتلا ہیں۔ والدین کو تاکید کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بچے کو خسرہ سے بچاؤ کی ویکسین مقررہ صوبائی یا علاقائی ویکسینیشن شیڈول کے مطابق لگوائیں۔

## خسرہ سے بچاؤ

- خسرہ کو معمول کی ویکسین سے روکا جاسکتا ہے ، جو عام طور پر 12 ماہ کی عمر سے شروع ہوتی ہے۔ اگر آپ یا آپ کے بچے کی کوئی ویکسین چھوٹ گئی ہے، تو آپ اب بھی اسے لگوا سکتے ہیں۔
- خسرہ سے بچاؤ کی ویکسین کی دو خوراکیں لینا خسرہ سے بچاؤ میں تقریباً 100٪ مؤثر ہوتا ہے۔ بچوں ، نوعمروں اور کچھ بالغوں کے لئے خسرہ پر مشتمل ویکسین کی دو خوراکیں تجویز کی جاتی ہیں۔ اپنے ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ یا مقامی محکمہ صحت سے اپنے صوبے یا علاقے میں خسرہ کی ویکسین سے متعلق سفارشات کے بارے میں معلومات حاصل کریں
- اگر آپ کینیڈا سے باہر سفر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو سفر سے کم از کم 6 ہفتے پہلے اپنے ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ یا مقامی محکمہ صحت سے مشورہ کریں تاکہ معلوم ہو سکے کہ آپ کی ویکسینیشن مکمل ہے یا آپ کو خسرہ سے بچاؤ کی اضافی خوراک کی ضرورت ہے۔

**اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ خسرہ کے مریض کے قریب رہے ہیں یا آپ کو خسرہ ہو گیا ہے:**

- اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ یا آپ کے گھر والے خسرہ کے متاثرہ فرد کے **قریب** رہے ہیں اور آپ کو ویکسین نہیں لگی (یا پہلے کبھی خسرہ نہیں ہوا)، تو خود کو الگ (آئیسولیٹ) کریں اور فوری طور پر اپنے ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ یا مقامی محکمہ صحت سے رہنمائی کے لیے رابطہ کریں۔
- اگر آپ میں خسرہ کی **علامات** ظاہر ہوں، تو خود کو الگ کر لیں اور فوراً اپنے ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔ ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ اس بات کا انتظام کر سکتا ہے کہ آپ کا معائنہ ایسے طریقے سے کیا جائے جس سے بیماری دوسروں تک نہ پھیلے۔

## خسرہ کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد کریں۔

**اگر آپ کو یقین نہیں کہ آپ یا آپ کے گھر والے تجویز کردہ ویکسین مکمل کر چکے ہیں، تو کسی ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ یا اپنے مقامی محکمہ صحت سے مشورہ کریں اور چھوٹی ہوئی ویکسین لگوانے کے لیے اقدامات کریں۔ مزید معلومات کے لئے، ملاحظہ کریں**

**Canada.ca/measles**

© بز میجسٹی دی کنگ ان رائٹ آف کینیڈا میں، جیسا کہ وزیر صحت، 2025 کی نمائندگی کرتے ہیں۔
Pub: 240933| Cat: H14-619/2025Urd-PDF| ISBN: 978-0-660-76189-3